روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

بدھ 26 جنوری 2011ء 21 صفر 1432 ہجری 26 صلح 1390ہش جلد 61-96 نمبر 22

امین کی جزا

حضرت ابوموسیٰؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:۔ وہ خزانچی جس کو کسی مال پر امین بنایا گیا ہو اگر وہ دیئے گئے حکم کے مطابق مال دیتا ہے اور پورا پورا اور خوشدلی اور بشاشت سے دیتا ہے تو وہ بھی صدقہ دینے والا شمار ہوگا۔یعنی صدقہ دینے کا ثواب ملے گا۔

(صحیح مسلم کتاب الزکوٰۃ باب اجر الخازن الامین حدیث نمبر1699)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

پھر چوتھی حالت کے بعد پانچویں حالت ہے جس کے مفاسد سے نہایت سخت اور شدید محبت نفس امارہ کو ہے۔کیونکہ اس مرتبہ پر صرف ایک لڑائی باقی رہ جاتی ہے اور وہ وقت قریب آجاتا ہے کہ حضرت عزت جل شانہ کے فرشتے اس وجود کی تمام آبادی کو فتح کرلیں اور اس پر اپنا پورا تصرف اور دخل کرلیں اور تمام نفسانی سلسلہ کو درہم برہم کردیں اور نفسانی قویٰ کے قریہ کو ویران کردیں۔اور اس کے نمبرداروں کو ذلیل اور پست کر کے دکھلادیں اور پہلی سلطنت پر ایک تباہی ڈال دیں اور انقلاب سلطنت پر ایسا ہی ہوا کرتا ہے۔ان الملوك اذا دخلوا قرية.........

اور یہ مومن کے لئے ایک آخری امتحان اور آخری جنگ ہے جس پر اس کے تمام مراتب سلوک ختم ہوجاتے ہیں اور اس کا سلسلہ ترقیات جو کسب اور کوشش سے ہے انتہا تک پہنچ جاتا ہے۔اور انسانی کوششیں اپنے اخیر نقطہ تک منزل طے کرلیتی ہیں۔پھر بعد اس کے صرف موہبت اور فضل کا کام باقی رہ جاتا ہے جو خلق آخر کے متعلق ہے اور یہ پانچویں۵ حالت چوتھی۴ حالت سے مشکل تر ہے کیونکہ چوتھی حالت میں تو صرف مومن کا کام یہ ہے کہ شہوات محرمہ نفسانیہ کو ترک کرے مگر پانچویں حالت میں مومن کا کام یہ ہے کہ نفس کو بھی ترک کردے اور اس کو خدا تعالیٰ کی امانت سمجھ کر خدا تعالیٰ کی طرف واپس کرے اور خدا کے کاموں میں اپنے نفس کو وقف کر کے اس سے خدمت لے اور خدا کی راہ میں بذل نفس کرنے کا ارادہ رکھے اور اپنے نفس کی نفی وجود کے لئے کوشش کرے۔کیونکہ جب تک نفس کا وجود باقی ہے گناہ کرنے کے لئے جذبات بھی باقی ہیں جو تقویٰ کے برخلاف ہیں۔اور نیز جب تک وجود نفس باقی ہے ممکن نہیں کہ انسان تقویٰ کی باریک راہوں پر قدم مار سکے یا پورے طور پر خدا کی امانتوں اور عہدوں یا مخلوق کی امانتوں اور عہدوں کو ادا کر سکے۔لیکن جیسا کہ بخل بغیر توکل اور خدا کی رازقیت پر ایمان لانے کے ترک نہیں ہوسکتا اور شہوات نفسانیہ محرمہ بغیر استیلاء ہیبت اور عظمت الٰہی اور لذات روحانیہ کے چھوٹ نہیں سکتیں ایسا ہی یہ مرتبہ عظمیٰ کہ ترکِ نفس کر کے تمام امانتیں خدا تعالیٰ کی اس کو واپس دی جائیں کبھی حاصل نہیں ہوسکتا جب تک کہ ایک تیز آندھی عشق الٰہی کی چل کر کسی کو اس کی راہ میں دیوانہ نہ بنادے۔یہ تو درحقیقت عشق الٰہی کے مستوں اور دیوانوں کے کام ہیں دنیا کے عقلمندوں کے کام نہیں۔

(ضمیمہ براہین احمدیہ حصہ پنجم ۔ روحانی خزائن جلد21ص238)

انگریزی وجرمن زبان کے کورسز میں داخلہ

مورخہ یکم فروری 2011ء سے انگریزی اور جرمن زبان سکھانے کیلئے کلاسز کا اجراء کیا جارہا ہے۔درج ذیل تفصیل کے مطابق عصر تا مغرب وقف نو لینگویج انسٹیٹیوٹ بیت نصرت دارالرحمت وسطی میں تشریف لاکر واقفین و واقفات نو اور دیگر طلباء وطالبات داخلہ فارم حاصل کرلیں۔

☆انگریزی لیول2۔ میٹرک تا بی اے (واقفات نو)

☆انگریزی لیول2۔ میٹرک تا بی اے (واقفین نو)

☆جرمن لیول1۔ (واقفین وواقفات نو)

مزید تفصیل کیلئے اس نمبر پر رابطہ فرمائیں۔
0476011966

(انچارج وقف نو لینگویج انسٹیٹیوٹ ربوہ)

نمایاں کامیابی

مکرم ظہیر احمد چوہدری صاحب واپڈا ٹاؤن لاہور تحریر کرتے ہیں۔

میرے چھوٹے بھائی مکرم آصف نصیر صاحب ولد مکرم ڈاکٹر نصیر احمد چوہدری صاحب مرحوم نے ایم بی اے مارکیٹنگ میں 91% نمبرز کے ساتھ ملک میں موجود کامیٹس انسٹیٹیوٹ آف انفارمیشن ٹیکنالوجی کے تمام اداروں میں اول پوزیشن حاصل کی اور وفاقی وزیر سائنس و انفارمیشن ٹیکنالوجی سے گولڈ میڈل حاصل کیا۔اس سے پہلے موصوف کو کامیٹس (Comsats) کے لاہور کیمپس کی طرف سے بھی گولڈ میڈل اور تمام سمیسٹرز میں وظیفہ سے نوازا گیا تھا۔احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کامیابی کو مزید کامیابیوں کا پیش خیمہ بنائے۔آمین

مکرم پروفیسر محمد خالد گورایہ صاحب

''اساتذہ، طلباء اور امتحانات''

آجکل امتحانات قریب آرہے ہیں جس کے نتیجہ میں امتحانات میں طلباء کی اعلیٰ کارکردگی کے لئے یقیناً طلباء، اساتذہ، والدین اور تعلیمی اداروں کو فکر لاحق ہوتی ہے، اس مقصد کے حصول کے لئے طلباء، والدین اور اساتذہ مختلف لائحہ عمل اختیار کرتے ہیں۔ خاکسار ایک لمبے تجربہ کی بنا پر چند گزارشات، طریق کار اور لائحہ عمل مرتب کرنے کے لئے پیش کرنا چاہتا ہے جس کا فائدہ یقیناً بچوں کو ہوگا۔

☆سب سے پہلی بات تو یہ ہے کہ ہر مضمون کا جائزہ لیا جائے کہ کیا اس کا سلیبس کور ہو چکا ہے یا نہیں، اگر سلیبس کور کر لئے گئے ہوں تو دوسرا مرحلہ (Revision) دہرائی کا ہے، مختلف امتحانات مڈل، میٹرک، ایف اے، ایف ایس سی، بی اے، بی ایس سی یا پروفیشنل کالجز میں مختلف کورسز کے جب امتحانات کی ڈیٹ شیٹ آجائے تو اس کو مدنظر رکھتے ہوئے ہر مضمون کی (revision) کا ہر ٹیچر منظّم اور مربوط پروگرام بنائے۔

☆اس شیڈول میں تمام کورس کی (chapter wise) تقسیم کر کے کلاسز میں oral اور تحریری ٹیسٹ میں سے طلباء کو گزار دیں، جو ٹیسٹ لیا جائے وہ وقت پر مارکنگ کے بعد طلباء تک ان کی غلطیوں کی نشاندہی کر کے ساتھ ساتھ واپس ہونا چاہیئے۔ اساتذہ، انتظامیہ اور طلباء کو جب کلاس اور بچوں کی انفرادی کارکردگی کا ہر مضمون میں اندازہ ہو جائے گا، جہاں کوئی طالبعلم فیل ہو جو ریکارڈ رکھا جا رہا ہو اس کو سرخ سیاہی سے مارک کر کے (Alarming) صورتحال سے والدین کو بھی آگاہ کر دیا جائے اور اس مضمون کی پڑھائی کے لئے اضافی وقت اپنے ذاتی ٹائم ٹیبل میں سے دیا جائے۔

☆کمزور طلباء کے لیئے تعلیمی ادارے اپنی نگرانی میں ان کو چھٹی کے وقت کے بعد روک لیں اور کم از کم ایک گھنٹہ اس پر صرف کریں تو یقیناً ان کی کمزوری دور ہو جائے گی۔

☆پاکستان کا نظام تعلیم result oriented ہے اس لئے امتحانی نقطۂ نظر سے اہم chapters اور اہم سوالات بھی کلاسز میں خود کروائے جائیں اور وہ غلطیاں جو عمومی طور پر طلباء کرتے ہیں اس کی اصلاح دوران تدریس اور دہرائی کے دوران کروادی جائے۔

☆ہر مضمون کے paper کا ایک حصہ چونکہ objective ہوتا ہے اس لئے objective سوالات کے جوابات کی مشق کلاس میں کروا دی جائے اور اس میں تمام طلباء کی participation کو یقینی بنایا جائے۔

☆جہاں تعلیمی ادارے اس شیڈول کی سختی سے پابندی کریں اور کروائیں وہاں طلباء اور والدین سے گذارش ہے کہ امتحان سے قبل دو ماہ اس revision exercise میں ضرور حصہ لیں اور طلباء قطعاً غیر حاضر نہ ہوں اور اساتذہ بھی کلاسز دیانتداری کے ساتھ اس مقدس پیشہ کی ذمہ داریاں devotion & dedication کے ساتھ ادا کریں۔

☆اپنے طلباء کے لیئے دعا ضرور کریں۔

☆خلیفہ وقت کو ہفتہ وار خط ضرور لکھیں (طلباء اور اساتذہ دونوں)

☆اساتذہ اور تعلیمی ادارے بھی بچوں کی تعلیم و تربیت کا خیال وقف کی روح کے ساتھ کریں اور انہیں با اخلاق انسان بنانے کی سعی کریں۔

☆وقت کی تقسیم کا خیال ضرور رکھیں، طلباء جب امتحانات قریب آجائیں تو وقت کی اہمیت کا خیال رکھیں، فضول گپ شپ کو معطل کر دیا جائے، امتحانات کے بعد ان کاموں کے لئے ان کے پاس کافی وقت موجود ہوگا۔ سکول سے جانے کے بعد عشاء کی نماز تک میں سے بھی ڈیڑھ گھنٹہ وقت نکالیں۔

☆سردیوں میں راتیں لمبی ہوتی ہیں۔ عشاء کی نماز کے بعد کم از کم چار گھنٹے پڑھائی کے لئے باقاعدگی سے دیں اور صبح فجر کی نماز کے بعد ڈیڑھ گھنٹہ سکول جانے سے قبل۔

☆رات کا کھانا ہلکا کھائیں تاکہ نیند کا غلبہ نہ ہو۔

☆ذہنی انتشار سے بچیں اور Concentration of mind کی صلاحیت کو بڑھائیں، آپ کی understanding بڑھے گی۔ ایک دفعہ سمجھ نہیں آتی یا کوئی point ذہن میں نہیں بیٹھتا تو اسے دوبارہ سہ بارہ پڑھیں۔

☆ذہنی صلاحیت کو بڑھانے کے لئے ادراک اور فہم کی قوتوں کو improve کرنے کے لئے 15 منٹ تک پڑھنے کے بعد اپنی خود احتسابی کرتے ہوئے آنکھیں بند کر کے یا ویسے ہی جائزہ لیں کہ جو کچھ آپ نے پچھلے 15 منٹ میں پڑھا تھا وہ کیا ہے۔ کیا اس کے main point یا theme کس حد تک یاد ہو رہے ہیں۔

☆Brain storming exercise کے لئے گروپ discussion بہت ہی ضروری ہوتی ہے۔ اس سے فائدہ اٹھائیں۔

☆انتہائی کمزور بچوں کے لیئے مضامین کا چناؤ بھی منفی اثرات مرتب کرتا ہے، ہر بچہ سائنس اور ریاضی کے مضامین میں نہیں چل سکتا، اب تو ان مضامین کے علاوہ بہت سے اور آسان مضامین موجود ہیں، ان کو رکھ کر بچے پڑھائی میں بہتر کارکردگی دکھا سکتے ہیں اور انتہائی کامیاب زندگی گزار سکتے ہیں۔ والدین مضامین کے چناؤ کے سلسلہ میں طلباء پر دباؤ نہ ڈالیں اور نہ ہی انتظامیہ سے ضد کریں۔

☆ایسے کمزور بچوں کے لئے کسی بھی کلاس میں repeat کروانا بھی بعض اوقات از حد مفید ثابت ہوتا ہے، اس معاملہ میں اساتذہ اور ادارہ کے سربراہ کی رائے کا احترام کرنا چاہیئے، والدین کو اپنی مرضی اور بات منوانی نہیں چاہیئے چونکہ وہ بچے کے مستقبل کے مفاد میں نہیں ہوتی۔

☆اساتذہ بچوں کے لئے سال کے آخر میں selected study کا بھی اہتمام کرتے ہیں، اہم سوالات اور chapters پر زور دے کر یا کلاس میں کروا کر بچوں کو پاس کروا دیتے ہیں، اس طریق کار سے بھی کسی حد تک فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔

☆امتحانات کے شروع ہونے سے قبل پری بورڈ امتحان ضرور لینا چاہیئے، پری بورڈ امتحان کا رزلٹ دے کر صرف تین چار دن قبل بچوں کو فری کریں، اگر اساتذہ نیک نیتی کے ساتھ بچوں کی تعلیمی حالت کا جائزہ لے کر ان کے لئے ایک مربوط لائحہ عمل اختیار کریں اور احساس ذمہ داری کے ساتھ پوری توجہ اور انہماک کے ساتھ چیلنج سمجھتے ہوئے بچوں کی تیاری کروائیں تو ہو ہی نہیں سکتا کہ ان کے مضمون میں کوئی بچہ فیل ہو بلکہ سب کے سب اعلیٰ نمبروں کے ساتھ کامیاب ہوں گے۔

☆ان میں خود اعتمادی پیدا کریں، ان کی حوصلہ افزائی کریں، ان کے مورال کو بلند کرتے ہوئے ان کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے گر بتائیں، ان کو اسلاف کے تاریخی واقعات سنا کر ان کی شخصیت کو چار چاند لگائیں، وہ ہمارے معاشرے، سوسائٹی اور کمیونٹی کا قیمتی اثاثہ بنتے چلے جائیں گے اور اللہ تعالیٰ ایسے طلباء اور اساتذہ کو دنیا اور آخرت کی حسنات سے نوازتا چلا جائے گا۔

غزل

رشتۂ روح و بدن کیسے سنبھالے کوئی
کھا گیا ہے میرے حصے کے نوالے کوئی

اپنی گمنامی کے کرتا ہے ازالے کوئی
ڈھونڈتا ہے میری شہرت کے حوالے کوئی

میری آواز پہ بھی مُڑ کے نہ دیکھا اُس نے
چل دیا رَوند کے رشتوں کے ہمالے کوئی

عدل و انصاف بہت جلد ہے ہونے والا
صرف اس بات پہ ہی شرط لگا لے کوئی

ظلمتِ عدل کشی کا مجھے قیدی کر کے
لے گیا ہے میرے اندر کے اجالے کوئی

اپنی مسند کی حفاظت کی پڑی ہے سب کو
کاش اس ڈوبتی کشتی کو سنبھالے کوئی

عبدالکریم قدسی

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ
مطبع: ضیاء الاسلام پریس
مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ
قیمت 5 روپے

مکرم ملک محمد افضل صاحب سیشن جج (ر)

سانحہ لاہور میں دلیرانہ شان کے ساتھ راہ مولیٰ میں جان قربان کرنے والے

امیر ضلع لاہور مکرم شیخ منیر احمد صاحب کی یاد میں

یادوں کے جھروکے میں جب جھانک کر دیکھتا ہوں تو اپنے مخلص دوستوں میں جس شخصیت کا نام ابھر کر آتا ہے وہ مکرم شیخ منیر احمد صاحب ہیں۔ میرا ان سے تعلق تقریباً 44 سال پرانا تھا۔ سال 65-1964ء میں جبکہ مغربی پاکستانی (ایک صوبہ تھا) میں جوڈیشنل سروس کے لئے مقابلہ کا امتحان منعقد ہوا۔ تقریباً 300 امیدواروں نے اس امتحان میں شرکت کی تھی۔ تحریری امتحان میں صرف 57 امیدوار پاس ہوئے۔ انٹرویو کے بعد 20 امیدوار کامیاب قرار پائے۔ انٹرویو میں شیخ صاحب نے سب امیدواروں سے زیادہ نمبر حاصل کئے تھے۔ جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ ایک ذہین، حاضر دماغ اور دوسروں کو قائل کرنے کی صلاحیت رکھتے تھے۔ ہماری سروس سینئر جج ہائی کورٹ کراچی کے حوالہ کی گئیں۔ بذریعہ حکم مورخہ 26 فروری 1966ء کو مجھے میر پور ماتھیلو (ضلع سکھر) اور شیخ صاحب کو میرواہ (ضلع خیر پور) تعینات کیا گیا۔ مرحوم نے اپنے عہدہ کا چارج 3 مارچ 1966ء کو بطور سول جج و مجسٹریٹ درجہ اول لیا۔

جب میں نے میر پور ماتھیلو 9 مارچ 1966ء کو چارج لیا تو میں وہاں اکیلا ہی احمدی تھا۔ میں نے شروع دن سے الیس اللّٰہ .... کی انگوٹھی پہنی ہوئی ہے۔ اس انگوٹھی کا مجھے سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ جب کسی سرکاری یا غیر سرکاری تقریب میں جاتا ہوں تو کوئی نہ کوئی صاحب چپکے سے پاس آ کر مجھ سے پوچھتا ہے کہ کیا آپ احمدی ہیں؟ بعض اوقات پوچھنے والا بتاتا کہ وہ بھی احمدی ہے۔ چند ماہ کے بعد کسی دوست نے بتایا کہ میرے مسلک کے جج میرواہ میں تعینات ہیں اور بہت نفیس انسان ہیں۔ قدرت نے ایک احمدی کے لئے دوسرے احمدی کے دل میں کشش رکھی ہوئی ہے۔ اشتیاق ملاقات بڑھا۔ 1966ء کے آخر یا 1967ء کے اوائل میں غالباً سکھر میں پہلی ملاقات ہوئی۔ بڑے پُرتپاک طریقے سے ملے۔ خوش لباس، خوش گفتار، سیدھے سادھے اور مزاج کے دھیمے پایا۔ کوئی تصنع نہ تھی۔

اکتوبر 1968ء میرا تبادلہ حیدر آباد اور شیخ صاحب کو ماتلی تعینات کیا گیا۔ اس عرصہ میں میری اور شیخ صاحب کی شادی ہو چکی تھی حیدر آباد میں ان سے قربت پیدا ہوئی۔ مرحوم تقریباً ہفتہ کی شام بمعہ فیملی ہمارے پاس حیدر آباد آ جاتے تھے۔ اتوار کی شام یا سوموار علی الصبح واپس ماتلی چلے جاتے تھے۔ ایک دفعہ ہم نے عید بھی اکٹھے حیدر آباد منائی اور مولانا غلام احمد فرخ صاحب کی امامت میں عید کی نماز ادا کی۔ نماز اور روزہ کے پابند تھے۔ ان کی کوشش ہوتی تھی کہ اگر ہم تین چار اکٹھے ہیں تو نماز باجماعت ادا کی جائے۔ نماز کے اوقات کی پابندی کی کوشش کرتے تھے۔ نصیحت سختی سے نہ کرتے تھے۔ اپنے کردار سے دوسروں کو سمجھانے کی کوشش کرتے تھے۔ یہ عادت ان کی آخری وقت تک قائم رہی۔ گارڈن ٹاؤن والے مکان میں انہوں نے نماز سنٹر بنایا ہوا تھا۔ جب کبھی ان کے ساتھ بات چیت میں مغرب کی نماز کا وقت ہو جاتا تو وہ مصلے بچھانے شروع کر دیتے تھے۔ پھر قریب رہنے والے تین چار احباب تشریف لے آتے۔ ان کی امامت میں دو تین مرتبہ نماز پڑھنے کا اتفاق گھر میں بھی ہوا۔

ون یونٹ ٹوٹنے پر ہم سندھ سے پنجاب آ گئے۔ شیخ صاحب کی تعیناتی ساہیوال میں ہوئی۔ جسٹس رفیق تارڑ صاحب سیشن جج تھے۔ ان کے ساتھ بہت اچھے مراسم قائم ہوئے مگر بعد میں احمدیت پر بے جا تنقید کی وجہ سے ان سے ایک طرف ہو گئے۔ ساہیوال میں اپنی دیانت کی وجہ سے نیک نامی کمائی۔ ان کی یہ شہرت آخری دم تک قائم رہی۔

نومبر 1980ء کے آخری ہفتہ میں میرا تبادلہ رحیم یار خان سے بطور ایڈیشنل سیشن جج فیصل آباد ہو گیا۔ اس وقت شیخ صاحب بطور پریذائیڈنگ آفیسر (Presiding Officer) لیبر کورٹ فیصل آباد تعینات تھے۔ میں نے اپنی آمد کی اطلاع سیشن جج فیصل آباد کو دی تھی۔ میری عارضی رہائش کا بندوبست ریلوے ریسٹ ہاؤس میں کیا گیا تھا۔ جب میں ریلوے سٹیشن پر اترا تو حیران رہ گیا کہ سینئر سول جج کے علاوہ شیخ صاحب بھی موجود تھے۔ کہنے لگے کہ یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ وہ فیصل آباد میں ہوں اور آپ ریسٹ ہاؤس میں قیام کریں۔ مجھے زبردستی اپنے گھر لے گئے اور فرمایا جب تک متبادل انتظام نہیں ہوتا ان کے ہاں ہی قیام کروں گا۔ میری اپنی مخصوص عادات ہیں جن میں اوقات کی پابندی ہے۔ گوشت سے رغبت نہیں ہے۔ سالن میں سبزی یا شوربہ پسند کرتا ہوں۔ میں حیران رہ گیا کہ شیخ صاحب نے میری عادات کا مکمل جائزہ لیا ہوا تھا۔ صبح Bed tea سے لے کر رات دس بجے تک ہر چیز میری پسند کے مطابق وقت پر مجھے ملی اور میرا کوئی شیڈیول ڈسٹرب (Disturb) نہ ہوا۔ مجھے مطالعہ کا شوق ہے۔ میرے کمرے میں آتے اور جب دیکھتے کہ میں پڑھ رہا ہوں تو سرسری سلام کے بعد فوراً جانے کی کوشش کرتے۔ میرے اصرار کے باوجود مجھے کسی بات میں الجھانے کی کوشش نہ کرتے۔ جب میں شیخ صاحب کے گھر میں دس بارہ روز قیام کے بعد روانہ ہو رہا تھا تو ان کا اور بیگم صاحبہ کا شکریہ ادا کیا تو بیگم صاحبہ فرمانے لگیں کہ میرے جیسا سستا مہمان کبھی نہ آیا ہے۔ کہنے لگیں جس روز گھر میں سبزی یا شوربہ نہ ہوتا تھا وہ دیگر آفیسرز جو ان کے ہمسائے میں رہتے تھے پتہ کر لیتی تھیں کہ ان کے گھر کیا پکا ہے۔ اور جس گھر میں سبزی یا شوربہ ہوتا تھا وہاں سے ایک پلیٹ میرے لئے منگوا لیتی تھی۔ اس سے آپ اندازہ کر سکتے ہیں کہ کس قدر مہمانوں کی خاطر داری اور سہولت کا خیال رکھتے تھے۔ ان کی مہمان نوازی میں ان کی بیگم بھی برابر کی شریک تھیں۔

شہید مرحوم میں درگزر کا مادہ بہت زیادہ تھا۔ میں نے بہت کم انہیں کسی اہل کار کو ڈانٹتے دیکھا ہے۔ لاہور میں سپیشل جج تعینات تھے۔ انہیں معلوم ہوا کہ ان کے کلرک نے کسی کاغذ پر ان کی جگہ دستخط کر دیئے ہیں۔ یہ ایک سنگین فعل ہے اہلکار کو بلایا اور پوچھا کہ کیا اس نے دستخط کئے ہیں؟ اہل کار نے گھبرا کر کہا کہ غلطی ہو گئی ہے۔ سچ بولنے پر صرف اتنا کہا کہ چلے جاؤ اور کوئی سزا نہ دی۔ فراخ دل انسان تھے۔ لوگوں کی غلطیوں اور کوتاہیوں کو نظر انداز کرنے کا حوصلہ تھا۔ ہر چیز کا مثبت پہلو دیکھتے تھے۔ منفی پہلو کی نشان دہی اس طریقے سے کرتے تھے کہ اس شخص کی عزت نفس مجروح ہونے کا پہلو نہ نکلے۔

مرحوم والدین کی خدمت کے نشہ سے سرشار تھے۔ میں نے اکثر ماں باپ کو ان کے گھر دیکھا۔ خاص طور پر بڑھاپے میں ان کے پاس ہی ہوتے تھے۔ والد مکرم شیخ تاج دین صاحب اور والدہ نیک، دعا گو اور صابر و شاکر تھے۔ جب بھی ان سے ملاقات ہوتی تو ایسا محسوس ہوتا کہ میں بھی ان کا بیٹا ہوں۔ ہمیشہ دعاؤں سے رخصت کرتے۔ شیخ صاحب آتے جاتے والدین کے کمرہ کا چکر ضرور لگاتے تھے ان کے پاس بیٹھتے۔ کوئی تکلیف ہوتی تو فوراً دور کرنے کی کوشش کرتے۔ والدہ فوت ہو گئیں والد ایک حادثہ میں ٹانگیں کھو بیٹھے۔ جس احسن طریق سے اور تندہی سے انہوں نے والدین کی خدمت کی، اللہ تعالیٰ نے انہیں دین اور دنیا میں سرفراز کیا۔

ریکارڈ کے مطابق شہید مرحوم کی تاریخ پیدائش یکم مارچ 1940ء ہے۔ فروری 2000ء میں ریٹائرمنٹ سے چند روز قبل انہیں ایک سال کے لئے جج احتساب عدالت لاہور مقرر کر دیا گیا اور ان کی تنخواہ اور سہولتیں ہائی کورٹ کے جج کے برابر تھیں۔ میں اس وقت سیشن جج فیصل آباد تعینات تھا۔ میری ریٹائرمنٹ کی تاریخ 8 دسمبر 2000ء تھی۔ ستمبر 2000ء میں مجھے بھی جج احتساب عدالت لاہور مقرر کر دیا گیا۔ اس طرح لاہور میں ایک ہی بلڈنگ میں اہم اکٹھے ہو گئے۔ روزانہ چائے کے وقفہ میں سب جج اکٹھے ہوتے تھے۔ اسی طرح روزانہ ملاقات کا سلسلہ شروع ہوا۔ مسکراتے ہوئے تشریف لاتے اور لطائف سنا کر سب کو محظوظ کرتے۔ اس طرح کام کی Tension کو کم کرتے۔ اسی سال قانون میں ترمیم کی گئی اور جج احتساب عدالت کی معیاد ملازمت تین سال کر دی گئی۔ ریٹائرمنٹ کے بعد حکومت پاکستان نے ایک formal نوٹیفکیشن توسیع معیاد جاری کرنی ہوتی ہے۔ رفیق تارڑ صاحب صدر مملکت تھے میرے کیس پر وہ رضامند نہ ہوئے اور مجھے دسمبر 2000ء کو ریٹائرمنٹ پر ملازمت سے سبکدوش ہونا پڑا۔ میں نے شیخ صاحب سے کہا کہ ان کے تعلقات صدر رفیق تارڑ صاحب سے 1970ء میں قائم ہوئے تھے اور آپ ان کو اپنے بارہ میں کہہ سکتے ہیں کیونکہ معاملہ توسیع کے سلسلہ میں صدر کے پاس آخر فروری میں جانا تھا۔ فرمانے لگے کہ جب سے انہوں نے احمدیت کے خلاف بیانات دینے شروع کئے تو ان کے ہاں جانا ترک کر دیا ہے اور جو اللہ کو منظور ہو گا وہی ہو گا۔ یہ ان کی احمدیت کے بارہ میں غیرت تھی اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے انہیں توسیع ملی اور انہوں نے اپنی مدت تین سال پوری کی۔ ان پر لوگوں کا اعتماد تھا کہ کسی کیس کا فیصلہ حکومت کے زیر اثر آ کر نہیں کریں گے۔

مجھے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے نیب ہیڈ کوارٹر اسلام آباد میں جنوری 2002ء میں کنٹریکٹ پر ملازمت مل گئی۔ شیخ صاحب نے جج احتساب عدالت کی مدت تین سال مکمل ہونے پر وکالت شروع کر دی۔ نیب کے ذیلی دفتر لاہور میں ایک قانونی ماہر کی ضرورت تھی۔ ایک دیانت دار، اہل اور قانونی پیچیدگیاں سمجھنے والے شخص کی تلاش میں تھے۔ شیخ صاحب نے بطور جج احتساب عدالت ایک مقام بنایا تھا۔ اس لئے ان کی صلاحیتوں کی وجہ ان کا انتخاب ہو گیا۔ انہیں بطور Legal Consultant نیب لاہور تعینات کیا گیا۔ دفتر میں اپنے اخلاق، قانونی علم اور غیر جانبدار رائے دینے کی وجہ سے مقبول ہو گئے۔ ان ایام میں ڈائریکٹر جنرل ایک حاضر سروس میجر جنرل ہوتا تھا۔ کوئی فیصلہ کرتے وقت ان کی رائے کو فوقیت دیتا تھا۔ اس طرح اللہ تعالیٰ نے ایک در بند ہونے کے بعد بغیر کسی کوشش کے دوسرا در کھول دیا۔ جب الیکشن کے بعد 2008ء میں نئی حکومت برسر اقتدار آئی تو میں نے غالباً اگست یا ستمبر 2008ء میں انہیں اشارةً بتایا کہ اب گھر جانے کی

تیاری کرنی چاہئے۔ فرمانے لگے کہ وہ تو ہر وقت تیار رہتے ہیں اور جب تک اللہ تعالیٰ کا فضل شامل حال رہے گا کوئی نقصان نہیں ہو گا۔ اس کے بعد 11 جنوری 2009ء کو ہم دونوں اپنے معاہدہ کی میعاد ختم ہونے پر سبکدوش ہوئے۔

شیخ صاحب نے دوبارہ پریکٹس شروع کر دی۔ مجھے کہا کہ میں اس طرف توجہ کروں۔ میں نے عرض کیا کہ طبعاً میرا وکالت کی طرف میلان نہ ہے گو میرے پاس 2000ء سے ایڈووکیٹ ہائی کورٹ کا لائسنس تھا۔ میں نے کہا کہ آپ نے کافی ملازمت کر لی ہے اور اب آرام کریں۔ کہنے لگے کہ وہ نہیں چاہتے کہ گھر کا خرچہ چلانے کے لئے کسی پر انحصار کریں۔ ایک دن بینکنگ جج لاہور کے پاس بیٹھا ہوا تھا۔ کہنے لگے کہ مجھے نیلامی کے سلسلہ میں کمیشن مقرر کر رہے ہیں اور مناسب فیس بھی مل جائے گی۔ میں نے انکار کر دیا تو انہوں نے فوراً شیخ صاحب کو ٹیلیفون کیا۔ شیخ صاحب فوراً وہاں پہنچ گئے اور پس وپیش کی وجہ پوچھی۔ جج صاحب کو کہا کمیشن کا حکم کر دیں اور میری جگہ کام کر کے رپورٹ کر دیں اور فیس مجھے ادا کر دی جائے گی۔ میں نے کہا کہ یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ کام آپ کریں اور معاوضہ میں لوں۔ جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ انہیں اپنے دوستوں کی خاطر کس قدر ملحوظ ہوتی تھی۔

جب مرحوم امیر ضلع مقرر ہوئے تو بمعہ بیگم صاحبہ میرے گھر تشریف لائے۔ میری والدہ سے دعائیں لیں۔ میں نے کہا مبارک نہیں دے سکتا کیونکہ یہ دنیاوی عہدہ نہیں ہے۔ پہلے آپ اپنی ذمہ داری نبھاتے تھے اور اب لاہور کی ساری جماعت کا بوجھ آپ کے کندھوں پر آ گیا ہے۔ میں دعا ہی کر سکتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ آپ کو احسن طریقے سے ذمہ داری نبھانے کی توفیق دے آخری دم تک ذمہ داری نبھاتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی راہ میں قربان ہوگئے۔ اس سے بڑھ کر اور کیا اللہ تعالیٰ کا انعام ہوسکتا ہے۔ دوسری بات میں نے انہیں کہی کہ ان کا اور میرا اب برابری والا تعلق ختم ہوگیا ہے کیونکہ خلیفہ وقت نے آپ کو امیر مقرر کیا اور جماعت کا ایک ادنیٰ فرد ہونے کے ناطے آپ کے ہر حکم کی پابندی لازمی ہوگئی۔ ہنس کے کہنے لگے ایسی کوئی بات نہیں۔

محترم چوہدری حمید نصر اللہ صاحب جب امیر تھے تو انہوں نے خواہش کا اظہار کیا تھا کہ میں لاہور میں جماعت کے قاضی کے لئے اپنی رضا مندی دوں۔ تھوڑے عرصہ کے بعد شیخ صاحب امیر مقرر ہوگئے اور مجھے کہنے لگے کہ میں قاضی کے عہدہ کے لئے وقت نکالوں میں نے کہا کہ ساری زندگی لوگوں کے جھگڑے نمٹاتے تھک گیا ہوں۔ کوئی اور خدمت لے لیں۔ کہنے لگے۔ کہ آپ کے تجربہ کا جماعت کو فائدہ ہونا چاہئے۔ میں نے کہا کہ بطور امیر آپ کی خواہش میرے لئے حکم ہے۔ اس طرح لاہور ضلع قاضی مقرر ہوا تنازعات کی سماعت کے سلسلہ میں طریق کار پر ملا تو کہنے لگے کہ گھر پر فریقین کو بلا کر سن لیا کریں۔ میں نے کہا کہ یہ طریق میری نظر میں مناسب نہ ہے۔ اگر کوئی فریق پہلے آ جائے تو بعد میں آنے والے فریق کے دل میں شک پیدا ہوسکتا ہے۔ میں نے تجویز دی کہ دارالذکر میں کسی جگہ بیٹھ کر تنازعہ جات طے کئے جا سکتے ہیں۔ فوراً مان گئے اور مخصوص جگہ کے لئے ہدایت جاری کر دی اور کہا کہ فریقین کو اطلاع بھی دفتر سے جاری ہوگی۔

ربوہ میں مکان کی وراثت کے سلسلہ میں چند کاغذات لے کر تصدیق کے لئے ان کی خدمت میں حاضر ہوا۔ کاغذات سامنے رکھے۔ کہنے لگے بتائیں دستخط کہاں کرنے ہیں میں نے کہا کہ کاغذات پڑھ لیں مگر انہوں نے کاغذات نہ دیکھے جس جگہ میں نے کہا وہاں دستخط کر دیئے۔ یہ ظاہر کرتا ہے کہ ان کو اپنے دوستوں پر کس قدر اعتماد تھا۔ جمعہ کی نماز کے بعد کبھی کبھار نکلتے وقت اور دفتر جاتے ہوئے ملاقات ہو جاتی تو میرا ہاتھ پکڑ کر کھینچ لیتے اور اسی طرح ہاتھ پکڑے ہوئے دفتر لے جاتے۔

سیالکوٹ میں سیشن جج تھے اور میں سپیشل جج گوجرانوالہ تھا۔ ہر ماہ میں دو مرتبہ دورہ پر میں سیالکوٹ جاتا تھا۔ چائے کے وقفہ کے دوران ان کے چیمبر میں ہم اکٹھے ہوتے تھے۔ اگر میں جلدی اٹھنے کی کوشش کرتا تو کہتے کہ ابھی نہیں جانا کیونکہ دنیا کے کام تو ہوتے رہتے ہیں۔ ڈاکٹر کلیم احمد سالک میڈیکل سپیشلسٹ گورنمنٹ ہسپتال سیالکوٹ میں تعینات تھے ان کے ساتھ ہماری دوستی بھی تھی۔ وفات کے ایک ہفتہ قبل 21 مئی 2010ء بروز جمعہ تقریباً ساڑھے گیارہ بجے صبح ڈاکٹر صاحب کا ٹیلیفون آیا کہ شیخ صاحب کو ٹیلیفون کرنے کی کوشش کر رہا ہوں مگر وہ ٹیلیفون اٹھا نہیں رہے انہیں پیغام دیں کہ مجھ سے بات کر لیں میں نے کہا کہ آپ ٹیلیفون کرتے رہیں۔ جمعہ کی نماز کے بعد شیخ صاحب سے ملاقات ہوئی۔ حسب عادت مسکراتے ہوئے بڑے پُرتپاک طریقے سے ملے۔ میں نے پیغام پہنچا دیا اور یہ میری ان سے آخری ملاقات تھی۔

شروع ہی سے اولاد کی تربیت کی طرف ان کی توجہ بہت زیادہ تھی۔ بیٹوں کو ساتھ بیت الذکر لے کر جاتے۔ خلافت احمدیہ کی اہمیت اجاگر کرتے۔ ماشاءاللہ ان کی ساری اولاد دیندار ہے اور جماعت کے لئے غیرت رکھتی ہے۔ 28 مئی کو شیخ صاحب خود دارالذکر ہی تھے اور ان کے دو بیٹے اسامہ اور مقیت ماڈل ٹاؤن میں۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے بیٹوں کو محفوظ رکھا۔ اور ہمیں امید واثق ہے کہ دارالذکر گڑھی شاہو اور بیت النور ماڈل ٹاؤن لاہور میں بہایا جانے والا فرزندان احمدیت کا یہ خون بھی کبھی رائیگاں نہیں جائے گا بلکہ جماعت احمدیہ کی کامیابی اور ترقی کی راہ میں بطور کھاد کے کام دے گا اور یہ الٰہی قافلہ اپنی پوری شان وشوکت سے اپنی منزل کی طرف رواں دواں رہے گا۔

اللہ تعالیٰ شیخ صاحب کو غریق رحمت کرے اور ان کے درجات بلند کرے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا کرے۔ آمین

تحریر: جناب سلیم منصور کینیڈا .... ترجمہ: زکریا ورک صاحب

کینیڈا کی اسلامی تنظیمیں اور ڈاکٹر عبدالسلام

جناب سلیم منصور ایسوسی ایٹ پروفیسر یونیورسٹی آف ویسٹرن اونٹاریو لندن تحریر کرتے ہیں۔

ٹورانٹو سے حال ہی میں شائع ہونیوالی کتاب Einstein Wrote Back کے مصنف جان موفاٹ John Moffat نے ایک باب ڈاکٹر عبدالسلام سے مخصوص کیا ہے۔ موفاٹ سلام کا شاگرد تھا اور بڑے وفور شوق سے اس وقت کو یاد کرتا ہے جو اس نے پوسٹ ڈاکٹرل فیلو کے طور پر کیمبرج میں گزارا تھا۔

عبدالسلام نے سٹیون وائن برگ اور شیلڈن گلاشو کیساتھ فزکس میں 1979ء کا نوبیل انعام شئیر کیا تھا۔ یہ انعام ان کو دو بنیادی قوتوں کو متحد کرنے کی دریافت کی وجہ سے دیا گیا تھا۔ الیکٹرو میگنے ٹزم جو ہمارے گھروں کو روشن کرتی اور ویک انٹرا ایکشن جس کی وجہ سے ریڈیو ایکٹو تنزل پذیر ہوتا ہے۔ عبدالسلام پہلا......نوبیل انعام یافتہ تھا اس کے بعد مصر کا مسلمان سائنسدان احمد ذویل، جس نے 1999ء میں کیمسٹری کا نوبیل انعام جیتا تھا۔

عبد السلام (1926-1996) کی پیدائش برٹش انڈیا میں جھنگ پنجاب میں ہوئی تھی۔ 1947ء کے تقسیم ملک نے سلام کو پاکستانی بنا دیا۔ ان کے خاندان کا تعلق فرقہ احمدیہ جماعت سے تھا جس کے بانی حضرت مرزا غلام احمد (1835-1908) عربی اور فارسی کے خود تعلیم یافتہ سکالر تھے۔ انہوں نے 1889ء میں مسیح اور مجدد ہونے کا دعویٰ کیا۔ قدامت پسند(۔) کی مخالفت کے باوجود، برٹش راج کے دوران احمدیوں کی تعداد بڑھتی رہی۔

عبدالسلام بلا شبہ دین حق کے سنہری دور جو 800 سال قبل ختم ہوا تھا، اس کے بعد سے واقعی سب سے عظیم مومن سائنسدان تھا۔ گزشتہ پانچ سو سال میں دین حق کی دنیا اپنے دور ظلمات میں گم رہی ہے۔ دینی تاریخ میں اس ریورسل کے متعلق سلام اپنی تقریروں میں ذکر کیا کرتا تھا، جب حکمرانوں نے سائنس کی سرپرستی کرنا بند کر دی تھی اور آزاد خیال افراد جیسے عمر خیام (ریاضی دان، ہیئت دان اور شاعر خوشنوا)، یا ابوریحان البیرونی (فلاسفر اور مؤرخ) کو راسخ العقیدہ علماء کا نشانہ ستم بننا پڑا جس کے پیچھے اکثر حکمرانوں کا ہاتھ ہوتا تھا۔

مغرب میں عبدالسلام کو عزت و تفاخر کا مقام حاصل تھا۔ انہوں نے چند بار کینیڈا کا بھی دورہ کیا اور 1987ء میں ایک ایسے موقعہ پر میں نے ان کا لیکچر اٹاوہ میں سنا تھا جو انٹرنیشنل ڈیویلپمنٹ ریسرچ سینٹر کے زیر اہتمام منعقد ہوا تھا۔ تیسری دنیا کے نظری طبیعات دان آپ سے محبت واخوت محسوس کرتے تھے کیونکہ آپ نے ان کی مانیٹرنگ کی تھی۔ ترقی یافتہ ممالک، بشمول کینیڈا، کی امداد کے طفیل آپ نے ٹریسٹ، اٹلی میں انٹرنیشنل سینٹر فار تھیورٹیکل فزکس کی داغ بیل ڈالی تا کہ ترقی پذیر ممالک کے سائنسدانوں کو سپورٹ کیا جا سکے۔

احمدیہ فرقہ کے پیروکار ہونے کی بناء پر دینی دنیا نے آپ سے گریز کیا، لیکن عبد السلام نے مذہب کے متعلق دل میں کبھی کوئی شک نہ پایا اور عوامی تقریروں میں یہ کہا کہ بطور طبیعات دان کے وہ کس طرح قرآن کریم کی آیات کریمہ سے انسپائر ہوتے تھے جہاں مومنوں کو علم کی تحصیل کے احکامات دین کے حصے کے طور پر دئے گئے ہیں۔ آپ نے سامعین کو یاد دہانی کرائی کہ دین حق کی تہذیب میں جب سائنس نے فروغ پایا، تو مسلمان نویں صدی کے مفکر الکندی کی باتوں کے جلد ہی قائل ہوگئے۔ الکندی نے کہا تھا: ہمیں حق کو تسلیم کرنے میں شرم و خجالت محسوس نہیں کرنی چاہئے، ہمیں یہ جہاں کہیں سے بھی ملے اس کو جذب کر لینا چاہئے، چاہے یہ ہم تک پرانی نسلوں اور غیر ملکیوں کے واسطے سے پہنچی ہو۔

عبد السلام کے دین حق کی تاریخ میں سے مقام کو ختم کر کے، کینیڈا کے اسلامک ہسٹری منتھ کے منتظمین نے گندی سیاست کا مظاہرہ کیا ہے۔ اسلامک کینیڈین کانگریس جو اس کی کرتا دھرتا ہے، اس کا تعلق سعودی حکومت سے ہے۔

(روزنامہ کیلگری ہیرالڈ کینیڈا 9 نومبر 2010ء)

مکرم چوہدری محمد ادریس صاحب

ہمارے ماموں مکرم صوفی غلام محمد صاحب

سابق ناظر مال آمد کی روح پرور اور ایمان افروز یادیں

آپ کے بارہ میں میری اولین یادداشت قادیان کے ان ایام کی ہے جب آپ تعلیم الاسلام ہائی سکول میں سائنس کے مدرس تھے اور ساتھ ساتھ بورڈنگ ہاؤس کے سپرنٹنڈنٹ کی ذمہ داری بھی آپ کو سونپی گئی تھی۔ 1947ء میں داغ ہجرت تک آپ یہ فرائض 16 سال تک سرانجام دے چکے تھے۔ پھر ہمارا سکول چنیوٹ منتقل ہوگیا جہاں ہمارے ہیڈ ماسٹر سید محمود اللہ شاہ صاحب تھے۔ شاہ صاحب پُر وقار اور دل موہ لینے والی شخصیت کے مالک تھے۔ طلباء کے دل میں ان کے اوصاف کو مشعل راہ بنانے کی خواہش موجزن ہوتی تھی۔ آپ کی رحلت اسی شہر میں ہوئی تھی۔ چنیوٹ آ کر بورڈنگ ہاؤس کو تین مختلف عمارتوں میں تقسیم کرنا پڑا، منصف بلڈنگ والے بورڈنگ ہاؤس کی سپرنٹنڈنٹ حضرت صوفی صاحب مقرر کئے گئے تھے جبکہ آپ نے سائنس کے مضامین کی تدریس بھی جاری رکھی۔ منصف بلڈنگ کی بالائی منزل میں حضرت صوفی صاحب کے علاوہ قریشی محمد عبداللہ صاحب (آڈیٹر) اور مرزا عنایت اللہ صاحب وغیرھم رہائش رکھتے تھے۔ جن کی اولاد حضرت صوفی صاحب کی والدہ محترمہ سے قرآن پاک کا درس لیتی تھی اور انہیں بے بے جی کہہ کر پکارتی تھیں۔ منصف بلڈنگ کی نچلی منزل زیادہ تر نویں اور دسویں جماعتوں کے طلباء کے لئے مخصوص تھی۔ جب چنیوٹ سے ہمارا سکول ربوہ منتقل ہوگیا تو کچھ عرصہ تک حضرت صوفی صاحب کام پر حاضر ہونے کے لئے چنیوٹ سے ربوہ سائیکل پر آتے تھے۔ سکول سے ریٹائرمنٹ تک آپ ربوہ نقل مکانی کر چکے تھے۔

اپنی عمر کے لحاظ سے ریٹائر ہونے پر اغلبًا 1957ء میں آپ نے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی خدمت اقدس میں عریضہ لکھا کر مزید خدمت دین کے موقعہ کی خواہش کا اظہار کیا۔ حضور پُر نور نے آپ کا عریضہ محترم میاں غلام محمد صاحب اختر ناظر دیوان صدر انجمن احمدیہ کو برائے کارروائی بھجوا دیا۔ انہوں نے آپ کو صدر انجمن احمدیہ میں کام کرنے کے لئے تحریری درخواست پیش کرنے کی ہدایت کی۔ جہاں ان دنوں صدر، صدر انجمن احمدیہ حضرت مرزا ناصر احمد صاحب ایم اے آکسن ہوا کرتے تھے۔ جنہیں بعد میں اللہ تعالیٰ نے خلافت کے منصب پر فائز فرمایا تھا۔ معاملہ پیش ہوکر فیصلہ ہوا کہ آپ کو نائب ناظر مال مقرر کیا جاتا ہے۔ جہاں پر پہلے ہی سے نائبین چوہدری عزیز احمد صاحب اور عبدالحق ودیارتھی صاحب موجود تھے۔ ان دونوں نائبین کا دفتر ایک ہی کمرہ میں سمو دیا گیا تھا۔ آج کی طرح دفاتر کی بالائی منزلیں کوئی نہ تھیں۔ پھر جب حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے نظارت مال کو آمد اور خرچ میں تقسیم کر دیا تو آپ ناظر مال آمد مقرر کئے گئے۔ یہی نہیں بلکہ کئی سال تک آپ ناظر اعلیٰ ثانی کے عہدہ جلیلہ کے فرائض بھی سرانجام دیتے رہے۔ اس طرح اللہ تعالیٰ نے ریٹائرمنٹ کے بعد آپ کو پہلے سے بڑھ چڑھ کر خدمت دین کی توفیق عطا فرمائی۔ اس صورت حال پر امریکی صدر لنکن کا قول صادق آتا ہے: In the end what matters is not the years in life but life in years. یعنی کتنے عددی سال زندہ رہنے کی بجائے اصل بات کا انحصار اس امر پر ہے کہ ان سالوں میں زندگی کی نوعیت کیا تھی؟

حضرت صوفی صاحب متدین والد مزکی والدہ کے سایہ عاطفت میں بڑے ہوئے تھے۔ نیک اور پارسائی، تقویٰ وطہارت، زہد وعبادت اور پرہیزگاری آپ کی گھٹی میں پڑی ہوئی تھی۔ چنانچہ یہی وجہ ہے کہ آپ شروع سے ہی صوفی صاحب کے خطاب سے مشہور ہوگئے تھے۔ آپ نے جہاں جہاں بھی زندگی کا کوئی حصہ گزارا۔ وہاں پر امام الصلوٰۃ کی خلعت سے نوازے گئے۔ خصوصاً حسب ذیل مقامات پر بیت نور قادیان، منصف بلڈنگ چنیوٹ، بیت احمدیہ چنیوٹ، بیت محمود ربوہ۔ چنیوٹ اور ربوہ میں تعلیم الاسلام ہائی سکول میں موسم سرما کے دوران سکول میں نماز ظہر آپ پڑھایا کرتے تھے۔ جس کے بعد کوئی طالب علم کھڑے ہوکر بیت سے نکلنے کی دعا بلند آواز سے دہراتا تھا تو سکول میں ایک دلربا روحانی منظر چھا جاتا تھا۔ خلافت ثالثہ کے دور میں بیت مبارک ربوہ میں نماز فجر کی امامت آپ کو سونپ دی گئی تھی۔ جس کے بعد حضرت مولانا عبدالمالک خان صاحب ناظر اصلاح وارشاد درس دیا کرتے تھے۔

جلسہ سالانہ کے ایام میں صوفی صاحب سالہاسال تک ناظم روشنی کی ڈیوٹی پر فائز رہے۔ 1980ء کی بات ہے میں امریکہ سے ربوہ جلسہ سالانہ پر جماعتی وفد کے ساتھ گیا ہوا تھا۔ نماز فجر بیت محمود میں اپ کی امامت میں ادا کی جس کے بعد آپ نے ایک نکاح کا اعلان فرمایا۔ خطبہ میں قول سدید کے مرکزی نکتہ کو مثالیں دے دے کر تشبیہات کے ساتھ اچھوتے رنگ میں واضح کیا جس سے سب حاضرین متاثر ہوئے۔ اختتام پر جب لوگ جانے لگے تو میرے پہلو میں بیٹھا ہوا شخص یہ کہہ رہا تھا۔ رشتہ ہونے والوں کی خوش قسمتی ہے کہ ان کا نکاح کس قدر نیک ہستی نے پڑھایا ہے۔ ضرور خدا تعالیٰ اس جوڑے کی زندگی میں برکت ڈالے گا۔

آج حضرت صوفی صاحب کے لاتعداد شاگرد اندرون اور بیرون پاکستان آباد وشاداب ہیں۔ 1960ء میں میری ملاقات چوہدری اللہ بخش صاحب زراعتی ماسٹر سے ہوئی۔ کہنے لگے اس وقت تعلیم الاسلام ہائی سکول کا دوتہائی سٹاف حضرت صوفی صاحب کا اور میرا سابقہ شاگرد ہے۔ بچپن میں اپنے نویں جماعت کا ایک واقعہ عرض کرتا ہوں۔ حضرت صوفی صاحب ہر سال ہی کیمسٹری نویں جماعت کو اور دسویں جماعت کو فزکس پڑھایا کرتے تھے۔ کیمسٹری کلاس کے پروگرام کے مطابق آپ ہفتہ میں تین دن کلاسیں لیتے تھے۔ چوتھے روز لیبارٹری میں تجربہ کی ڈیمانسٹریشن دیتے تھے اور پانچویں روز خود طلباء تجربہ کو عملی شکل دیتے تھے۔ لیکن اس سے قبل آپ ہر ایک کی کاپی کا معائنہ فرماتے تھے کہ تجربہ کی تفصیلات ضبط تحریر میں لائی جاچکی ہیں۔ آج جب طلباء کی باری تھی تو آپ نے کلاس سے سوال کیا آیا ہر کوئی اپنی کاپی ساتھ لایا ہے اگر نہیں تو کھڑا ہو جائے۔ میں اور سعید احمد (ابن مولوی صالح محمد صاحب تاجر مربی) کھڑے ہو گئے۔ کلاس میں سیٹنگ کے لئے بینچ اس طرح تھے کہ 2 لڑکے ایک ساتھ بیٹھتے تھے۔ سعید نہ صرف میرا ساتھی تھا بلکہ محلّہ ج میں مربیان کے اہل خانہ کے لئے تعمیر شدہ کچے کوارٹروں میں ہمسایہ بھی تھے۔ حضرت صوفی صاحب نے حکم دیا جاؤ گھر سے کاپیاں لے کر آؤ۔ اگرچہ ہم بسرعت تمام گئے مگر واپسی تک سائنس کا پیریڈ ختم ہو چکا تھا اور دینیات کی کلاس مرزا عنایت اللہ صاحب شروع کر چکے تھے۔ انہوں نے دیر سے آنے کی وجہ دریافت کی۔ ہم نے ساری بات سنا دی۔ سن کر وہ سعید احمد سے اس طرح مخاطب ہوئے: تم نے سوچا ہو گا کہ ادریس کا دوست ہونے کی وجہ سے بچ جاؤں گا۔ پھر مجھے یوں مخاطب ہوئے: یہ تعلیم الاسلام ہائی سکول ہے یہاں تو ہر ایک کو ایک ہی چھڑی سے ہانکا جائے گا خواہ وہ حضرت صوفی صاحب کا عزیز کیوں نہ ہو۔

تعلیم الاسلام ہی سکول کو یہ شرف امتیاز حاصل تھا کہ دنیوی تعلیم کے ساتھ ساتھ مذہبی نقطہ نظر سے ہر شفیق استاد وقتاً فوقتاً کوئی لطیف نکتہ طلبہ کے گوش گزار کرنا ضروری سمجھتا تھا۔ محترم چوہدری اللہ بخش صاحب حساب میں اربعہ نکالنے کے سوالات سمجھاتے تو حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے اس قول کا حوالہ دیتے: اربعہ جوں کا توں کنبہ ڈوبا کیوں؟

ربوہ کی اوائل زندگی میں چین سے تین طلبہ جامعہ احمدیہ ربوہ حصول تعلیم کے لئے آئے ہوئے تھے اور ان میں چینی زبان میں قرآن پاک کا ترجمہ کرنے کی سعادت عظمیٰ پانے والے مولوی محمد عثمان چینی صاحب بھی شامل تھے۔ مکرم صوفی صاحب کہنے لگے حدیث شریف ہے کہ اطلبوا العلم ولو کان بالصین، لیکن آج چین کے لوگ ربوہ آ رہے ہیں پس یہاں صین سے مراد دور دراز کا سفر ہے۔ 1955ء میں میٹرک کے بعد راقم التحریر صدر انجمن احمدیہ کے ریلیونگ عملہ میں شامل ہوگیا جس کی وجہ سے کچھ شدھ بدھ ہوگئی کہ محکمہ کے ذمہ کیا فرائض ہیں۔ انہی دنوں میں صدر انجمن احمدیہ میں ملازمت کے لئے کمیشن امتحان پاس کرنا لازمی قرار دے دیا گیا تھا۔ بیت مبارک ربوہ میں محترم عبدالحق صاحب رامہ، ناظر بیت مال نے ہمارا تحریری امتحان لیا۔ جبکہ بالمشافہ انٹرویو چوہدری اسداللہ خان صاحب امیر جماعت لاہور، میاں غلام محمد اختر صاحب، اور رامہ صاحب نے لیا تھا۔ خدا تعالیٰ نے عاجز کو محض اپنے فضل سے کامیابی سے نوازا۔ میرا تقرر نظارت امور عامہ میں ہوگیا جہاں پر پہلے محکمہ تنفیذ میں پھر احتساب میں معاون محتسب کا کام میرے سپرد کیا گیا۔ ایک روز مولوی عبدالعزیز صاحب بھامبڑی کہنے لگے آؤ تمہیں ایک کام سکھاتا ہوں۔ اس کے بعد ہر سال نومبر میں تم بغیر کسی یاددہانی کے کر لیا کرنا۔ میں فوراً تیار ہوگیا۔ ہم دونوں دفتر خزانہ چلے آئے جہاں سلاخوں کا جنگلہ اور بندوق بردار پہریدار تھا۔ ہم ایک کمرہ میں سے ہوتے ہوئے پچھواڑے میں پہنچ گئے۔ مولوی صاحب نے ایک صندوق کھول کر اس میں سے لوائے احمدیت نکالا۔ ہم دونوں سیڑھیوں سے ہوتے ہوئے دفاتر کی چھت پر پہنچ گئے۔ ایک چٹائی کے اوپر لوائے احمدیت کو جلسہ سالانہ پر لہرانے کی تیاری میں پھیلا دیا گیا۔ اب ہمارے پاس فالتو وقت تھا۔ ہم نے دیکھا کہ فضل عمر ہسپتال کی جانب سے جہاں صدر انجمن احمدیہ کے کوارٹرز ہیں، ان میں سے ایک شخص ہماری جانب چلا آ رہا ہے۔ ہم شخص مذکور کو فوراً پہچان نہ سکے۔ مولوی صاحب مرحوم یک لخت گویا ہوئے: ادریس یہ شخص کون ہے، یہ تو مجھ سے بھی چوڑا ہے۔ اتنے میں وہ شخص قریب آ گیا تو میں نے بے اختیار کہا یہ تو ماموں جان حضرت صوفی صاحب ہیں۔ قصہ مختصر یہ کہ جہاں اللہ تعالیٰ نے آپ کو اپنے روحانی افضال سے نوازا تھا۔ وہاں آپ کو قابل رشک جسمانی صحت بھی عطا کی تھی۔ مجھے یاد نہیں پڑتا کہ آپ کو کبھی زکام ہی ہوا ہو۔ فی زمانہ نصیحت کی جاتی ہے کہ Eat right & exercise لیکن آپ کی تو اس دور کی پیدائش تھی، جس میں درست غذا اور ورزش روزمرہ زندگی

کے لاینفک اجزاء ہوا کرتے تھے۔ منصف بلڈنگ میں جگہ کی کمی کے باوجود آپ اپنی بھینس کی رکھوالی خود بڑے شوق سے کرتے تھے۔ نماز فجر تک لسی تیار ہو چکی ہوتی تھی۔ پانی پت کے مہاجرین منصف بلڈنگ کے ارد گرد آباد ہو چکے تھے۔ پو پھٹتے ہی ان کے یہاں بچوں کی لائن لگ جاتی تھی کیونکہ ان میں کئی ایک کا ناشتہ صرف لسی ہی ہوا کرتی تھی۔

ربوہ کی بنیاد رکھی گئی تو اولاً افراد جماعت خیموں میں رہائش پذیر ہوئے۔ چوہدری ظہور احمد ناظر دیوان نے ربوہ کی پہلی رات کے بارہ میں دلچسپ واقعات بیان کئے ہیں۔ خیموں کے بعد احاطہ میں رہائش ہوئی جس کے معاً بعد محلّہ الف کے کچے کوارٹرز تعمیر ہو گئے۔ مختصر سا بازار بھی شروع ہو گیا جس میں نہ خراب ہونے والی اشیاء دستیاب تھیں۔ سبزی والا تانگہ روزانہ دوپہر کو چنیوٹ سے تازہ سبزی لاتا تھا۔ ہمیں بھی ان کے کچے کوارٹروں میں رہائش کی جگہ مل گئی۔ ہمارے ہمسایہ حضرت محمد اسماعیل صاحب معتبر (والد قریشی محمود احمد صاحب نائب امیر لاہور) تھے۔ ہمارے پچھلی طرف مولانا احمد خاں نسیم صاحب (والد مولانا نسیم مہدی صاحب مشنری انچارج امریکہ) کا کوارٹر تھا۔ ربوہ پھیلنے لگا تو ریلوے سٹیشن کے عقب میں محلّہ ب کے کچے مکانات تعمیر ہو گئے۔ پھر محلّہ ج تعمیر ہوا جس میں قصر خلافت، بیت مبارک اور فضل عمر ہسپتال کی خام عمارتیں تھیں۔ لیکن ملک عمر علی صاحب رئیس ملتان ابھی بھی اپنے سٹیٹ میں رہتے تھے۔ ہماری خالہ زاد بہن آپا سکینہ صاحبہ کے شوہر نامدار میجر راجہ عبدالحمید صاحب ان دنوں پاک فوج میں برسر روزگار تھے۔ ان کا آئے روز تبادلہ ہوتا رہتا تھا۔ آپا کا ایک دفعہ ربوہ سے گزر ہوا تو میری والدہ جو ان کی رضاعی والدہ تھیں، ان کو ملنے کے لئے رک گئیں کہ اگلے روز سفر جاری رکھوں گی۔ اگلی صبح ان کے لئے ناشتے میں دیر ہو گئی کیونکہ دودھ لانے والی عورت جو قریبی گاؤں سے آیا کرتی تھی، اس روز نہ آئی۔ اس پر آپا کو ہماری دقت کا احساس ہوا۔ واپس گھر جا کر اپنی دودھ والی بکری ہمارے نام مال گاڑی میں بلٹی کروا دی۔ ہم چھ بھائی تھے، مجھ سے تین چھوٹے اور چھوٹے بھی اتنے کہ ان کو اکیلے گھر سے باہر جانے کی اجازت نہ تھی۔ مجھ سے دو بڑے بھائیوں میں سے صوفی محمد اسماعیل صاحب، حکیم فضل الرحمٰن صاحب (ماموں نوبیل انعام یافتہ ڈاکٹر عبدالسلام صاحب) کے ساتھ لنگر خانہ میں خدمت کرنے چلے جاتے تھے۔ دوسرے نمبر پر محمد اسحٰق خلیل کو شروع ہی سے پڑھنے لکھنے کا شوق تھا، اس لئے وہ اس میں محو رہتے تھے۔ گرمیوں کا موسم تھا میں نماز فجر، تلاوت اور ناشتہ کے بعد بکری کو لے کر پہاڑی کی طرف نکل جاتا تھا۔ جس کے دامن میں بہشتی مقبرہ کی سب سے پہلی تین چار قبریں تھیں۔ ابھی چار دیواری کوئی نہ تھی۔ کسے معلوم تھا کہ چوتھی یا پانچویں قبر ہماری والدہ کو ملنے کا فیصلہ آسمان پر ہو چکا تھا۔ جب میں بکری کو واپس لے کر آ رہا ہوتا تو راستہ میں اگر کوئی بزرگ مل جاتے تو وہ یہ کہہ کر دلاسہ دیتے کہ یہ بڑا عمدہ کام ہے ایک جنگلی کیکر بھی تھا جس کے کانٹے پتوں سے لمبے ہوتے تھے۔ میں کانٹے چاقو سے کاٹ کر پتے بکری کو کھلا دیتا جو کافی ہوتے تھے۔ چند ماہ بعد آپا سکینہ صاحبہ پھر ربوہ آئیں تو بہت حیران ہوئیں۔ بکری کافی لاغر ہو چکی تھی۔ دودھ سوکھنے لگا تھا۔ چنانچہ ہمیں حکم ہوا کہ بکری کو مال گاڑی میں حضرت صوفی صاحب کے نام بلٹی کر دوں، جس کی تعمیل فوراً کر دی گئی۔ لیکن انہیں بھی اسے قصاب کے سپرد کرنا پڑا تھا۔

حضرت صوفی صاحب کے برادر نسبتی میاں عطاء اللہ شرما ہر سال کراچی سے جلسہ سالانہ پر ربوہ آیا کرتے تھے۔ ایک روز ناظر صاحب امور عامہ مجھے کہنے لگے یہ خط شرما صاحب کے نام ہے، خود پہنچا دینا اور دستخط وصولی بھی لے لینا۔ میں نے انہیں چٹھی دے کر وصولی کے دستخط کرنے کی درخواست کی تو انہوں نے دونوں ہاتھ اوپر اٹھائے اور دعا میں مشغول ہو گئے۔ اس کے بعد چٹھی وصول کی، آپ دعا کے بغیر کوئی کام نہ کرتے تھے، چاہے کام چھوٹا ہو یا بڑا۔

قبلہ حضرت صوفی صاحب کی اہلیہ محترمہ عرصہ دراز تک باعث علالت بستر پر دراز رہیں۔ ان کے علاج کے لئے حضرت مرزا طاہر احمد صاحب (بعدہ خلافت احمدیہ کے چوتھے تاجدار) ربوہ سے چنیوٹ بائیسیکل پر تشریف لایا کرتے تھے۔ جس کے لئے ہم آپ کے ہمیشہ ممنون احسان رہیں گے۔ حضرت صوفی صاحب کی دختر ان کی آمد پر خوش بھی ہوتیں اور حیران بھی۔ حیران اس لئے کہ راستہ میں دریائے چناب کے دو پلوں کی چڑھائی کو سائیکل سے چڑھنا کافی مشکل تھا۔ خوش اس لئے کہ انہیں آپ کی میزبانی کرنے کا موقعہ اور شرف حاصل ہوتا تھا۔

حضرت صوفی صاحب تہجد اور صوم وصلوٰۃ کے پابند تھے۔ برادرم چوہدری عزیز احمد برمی 1960ء کی دہائی کے اوائل میں کھاریاں سے ساؤتھ ہال برطانیہ چلے گئے تھے۔ لندن کی آب و ہوا کے عادی ہو جانے کے بعد جب وہ ربوہ ایک دفعہ عزیزان سے ملنے آئے تو بے خوابی کا شکار ہو گئے۔ نصف شب کے بعد کسی وقت بھی نیند سے بیدار ہو جاتے۔ جب آپ نے اس بے خوابی کا حضرت صوفی صاحب سے ذکر کیا تو انہوں نے مشورہ دیا کہ یہی وقت تو تہجد کا ہے اٹھ کر تہجد پڑھ لیا کرو۔ انہوں نے اس زریں نصیحت پر عمل کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ بے خوابی بھی دور ہو گئی اور تہجد ادا کرنے کی عادت بھی پڑ گی۔

اپریل 1985ء کو عزیزم زکریا ورک ربوہ میں تھا۔ وفات سے ایک روز قبل وہ حضرت صوفی صاحب سے ملاقات کی غرض سے ان کے دفتر نظارت مال صدر انجمن احمدیہ گیا۔ حضرت صوفی صاحب نے ململ کی قمیص اور سفید رنگ کی شلوار زیب تن فرمائی ہوئی تھی۔ سر پر خوبصورت سفید رنگ کی پگڑی تھی۔ سامنے میز پر رسالہ لاہور اور پاکستان ٹائمز پڑے ہوئے تھے۔ عزیزم زکریا نے آپ کا فوٹو لیا جو زندگی کا آخری فوٹو ثابت ہوا۔ اگلے روز مشیت ایزدی کے مطابق آپ اس دنیائے ناپائیدار سے اچانک رخصت ہو گئے۔

بشری تقاضوں سے کس کو رستگاری ہے۔ آخری عمر میں ہم ضعف کا شکار ہونے لگتے ہیں۔ برخلاف تنزل کے اگر کوئی چیز ترقی پذیر نظر آتی ہے تو وہ ہماری روحانی ترقی ہی ہے۔ جس سے حضرت صوفی صاحب کو وافر حصہ عطا ہوا تھا۔ آپ کو کثیر العیال تھے اور بفضل اپنی زندگی میں پوتے پوتیوں، نواسے نواسیوں اور ان کی اولادوں کی نعمت غیر مترقبہ کی خوشیوں سے مالا کئے گئے تھے۔ ان میں سے کئی ایک نارتھ امریکہ اور یورپ میں آباد ہیں۔ آپ کی نیک اولاد کا صدقہ جاریہ ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کے طفیل جہان جاودانی میں آپ کو ہمیشہ ہمیش سرخرو رکھے اور اپنی رضا سے ممسوح کرتا رہے۔ آمین ثم آمین

خاندانی کوائف

والد: حضرت میاں محمد دین صاحب، واصلباتی نویس 313 رفقاء میں آپ کا نام تیسرے نمبر پر درج ہے۔ یکے از 313 درویشان قادیان، مدفن قادیان۔ والدہ نیک بی بی صاحبہ آف چک سکندر، ضلع گجرات، مدفن بہشتی مقبرہ ربوہ۔ برادران ڈاکٹر غلام مصطفیٰ صاحب، طبی مشیر حضرت مصلح موعود، چوہدری غلام مرتضیٰ صاحب بار ایٹ لاء، وکیل القانون تحریک جدید ربوہ، چوہدری غلام یٰسین صاحب مربی امریکہ و فلپائن،

ہمشیرگان: فاطمہ بی بی صاحبہ (والدہ آپا سکینہ صاحبہ، زوجہ میجر عبدالحمید صاحب مربی انگلستان، امریکہ و جاپان، زینب بی بی صاحبہ، زوجہ الحاج محمد ابراہیم خلیل صاحب مربی اٹلی، سسلی و سیرالیون، والدین، راقم مضمون، و زکریا ورک صاحب کینیڈا، آمنہ بی بی صاحبہ زوجہ صوبیدار مظفر احمد صاحب دوران دوسری جنگ عظیم برما میں شہید ہوئے۔ والدہ چوہدری مبشر احمد، کیلی فورنیا۔

سارے غلام آزاد کر دیئے

حضرت معاذ بن جبل انصاری رضی اللہ عنہ یمن کے حاکم تھے۔ خلافت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے دور میں آپ کئی غلاموں کے ساتھ حج پر تشریف لائے جو انہیں آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تحفہ میں دیئے ہوئے تھے۔ آپ نے دربارِ خلافت میں حاضر ہو کر اپنے غلاموں سے دستبردار ہونا چاہا تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ یہ اب آپ کا ہی مال ہے، آپ کو میری طرف سے بھی اجازت ہے۔ حضرت معاذ بن جبل انصاری رضی اللہ عنہ کا کمال تقویٰ اور خشیت یہ تھی کہ آپ نے غلاموں کے ساتھ جا کر نماز ادا کی۔ پھر ان سے پوچھا کہ بتاؤ تم کس کی نماز پڑھتے ہو؟ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کی نماز پڑھتے ہیں۔ اس پر آپ نے فرمایا کہ جاؤ اسی اللہ کی خاطر میں تمہیں آزاد کرتا ہوں۔

(الطبقات الکُبریٰ جلد 3 ص 585 از: محمد ابنِ سعد، دار احیاء التراث العربی بیروت)

غزل

میرے خدا مجھے اتنا تو معتبر کر دے
میں جس مکان میں رہتا ہوں اس کو گھر کر دے

یہ روشنی کے تعاقب میں بھاگتا ہوا دن
جو تھک گیا ہے تو اب اس کو مختصر کر دے

میں زندگی کی دُعا مانگنے لگا ہوں بہت
جو ہو سکے تو دُعاؤں کو بے اثر کر دے

ستارۂ سحری ڈوبنے کو آیا ہے
ذرا کوئی میرے سورج کو باخبر کر دے

مری زمین، مرا آخری حوالہ ہے
سو میں رہوں نہ رہوں اس کو بارور کر دے

میں اپنے خواب سے کٹ کر جیوں تو میرا خدا
اُجاڑ دے مری مٹی کو در بدر کر دے

افتخار عارف

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 104874 میں سید سعد نعمان

ولد سید لقمان منظور قوم سید پیشہ طالبعلم عمر 17 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن طاہر ہوسٹل جامعہ احمدیہ ربوہ ضلع چنیوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 10-10-31 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ 1600/ روپے ماہوار بصورت وظیفہ مل رہے ہیں ۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی ۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد۔سید سعد نعمان گواہ شد نمبر 1ایاز احمد منصور وصیت 51567 گواہ شد نمبر 2 مرزا سلمان احمد وصیت 44695

مسل نمبر 104875 میں عبدالباسط

ولد عبد الحمید قوم رحمانی پیشہ طالبعلم عمر 15 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن طاہر ہوسٹل جامعہ احمدیہ ربوہ ضلع چنیوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 10-10-31 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ -/1100 روپے ماہوار بصورت وظیفہ مل رہے ہیں ۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی ۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے ۔ العبد۔عبد الباسط گواہ شد نمبر 1ایاز احمد منصور وصیت 51567 گواہ شد نمبر 2 سعید احمد فرخ وصیت 44984

مسل نمبر 104876 میں آفتاب احمد

ولد محمد اسلم صابر قوم راجپوت پیشہ طالبعلم عمر 15 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن طاہر ہوسٹل جامعہ احمدیہ ربوہ ضلع چنیوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 10-10-31 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ 1600/ روپے ماہوار بصورت وظیفہ مل رہے ہیں ۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی ۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے ۔ العبد۔آفتاب احمد گواہ شد نمبر 1اعجاز احمد منصور وصیت 51567 گواہ شد نمبر 2 سعید احمد فرخ وصیت 44984

مسل نمبر 104877 میں شہباز احمد

ولد منور احمد قوم جٹ پیشہ طالبعلم عمر 16 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن طاہر ہوسٹل جامعہ احمدیہ ربوہ ضلع چنیوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 10-10-31 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/1500 روپے ماہوار بصورت وظیفہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد۔شہباز احمد گواہ شد نمبر 1ایاز احمد منصور وصیت 51567 گواہ شد نمبر 2 خرم شہزاد وصیت 61760

مسل نمبر 104878 میں اویس احمد تارڑ

ولد محمد اسلم تارڑ قوم تارڑ پیشہ طالبعلم عمر 15 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن طاہر ہوسٹل جامعہ احمدیہ ربوہ ضلع چنیوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 10-10-31 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ -/1600 روپے ماہوار بصورت وظیفہ مل رہے ہیں ۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی ۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد۔اویس احمد تارڑ گواہ شد نمبر 1ایاز احمد منصور وصیت 51567 گواہ شد نمبر 2 عبدالقدیر بلوچ وصیت 61677

مسل نمبر 104879 میں حافظ ارسلان دانش

ولد محمد احمد شاد قوم گل جٹ پیشہ طالبعلم عمر 17 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن طاہر ہوسٹل جامعہ احمدیہ ربوہ ضلع چنیوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 10-10-31 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ -/1200 روپے ماہوار بصورت وظیفہ مل رہے ہیں ۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی ۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے ۔ العبد۔حافظ ارسلان دانش گواہ شد نمبر 1ایاز احمد منصور وصیت 51567 گواہ شد نمبر 2 سعید احمد فرخ وصیت 44984

مسل نمبر 104880 میں عزیز الرحمٰن

ولد محمد سعید طارق قوم راجپوت پیشہ طالبعلم عمر 16 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن طاہر ہوسٹل جامعہ احمدیہ ربوہ ضلع چنیوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 10-10-31 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ -/1100 روپے ماہوار بصورت وظیفہ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد۔عزیز الرحمٰن گواہ شد نمبر 1ایاز احمد منصور وصیت 51567 گواہ شد نمبر 2 سعید احمد فرخ وصیت 44984

مسل نمبر 104881 میں اسامہ انور

ولد محمد انور صابر قوم بھٹی پیشہ طالبعلم عمر 15 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن طاہر ہوسٹل جامعہ احمدیہ ربوہ ضلع چنیوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 10-10-31 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ -/1600 روپے ماہوار بصورت وظیفہ مل رہے ہیں ۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی ۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے ۔ العبد۔اسامہ انور گواہ شد نمبر 1ایاز احمد منصور وصیت 51567 گواہ شد نمبر 2 سعید احمد فرخ وصیت 44984

مسل نمبر 104882 میں محمد وسیم

ولد محمد رفیق قوم آرائیں پیشہ طالبعلم عمر 17 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن طاہر ہوسٹل جامعہ احمدیہ ربوہ ضلع چنیوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 10-10-31 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ -/1100 روپے ماہوار بصورت وظیفہ مل رہے ہیں ۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی ۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد۔محمد وسیم گواہ شد نمبر 1 ایاز احمد منصور وصیت 51567 گواہ شد نمبر 2 شبیر احمد وصیت 64429

مسل نمبر 104883 میں رافیل اسلم

ولد حاجی محمد اسلم قوم اعوان پیشہ طالبعلم عمر 16 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن طاہر ہوسٹل جامعہ احمدیہ ربوہ ضلع چنیوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 10-10-31 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ -/1100 روپے ماہوار بصورت وظیفہ مل رہے ہیں ۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی ۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے ۔ العبد۔رافیل احمد گواہ شد نمبر 1ایاز احمد منصو روصیت 51567 گواہ شد نمبر 2 سعید احمد فرخ وصیت 44984

مسل نمبر 104884 میں گل نواز بھٹی

ولد محمد نواز بھٹی قوم بھٹی پیشہ طالبعلم عمر 15 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن طاہر ہوسٹل جامعہ احمدیہ ربوہ ضلع چنیوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 10-10-31 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ -/1100 روپے ماہوار بصورت وظیفہ مل رہے ہیں ۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی ۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد۔گل نواز بھٹی گواہ شد نمبر 1ایاز احمد منصور وصیت 51567 گواہ شد نمبر 2 سعید احمد فرخ وصیت 44984

مسل نمبر 104885 میں نوید الرحمٰن چٹھہ

ولد انوار الرحمٰن طارق چٹھہ قوم چٹھہ پیشہ طالبعلم عمر 15 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن طاہر ہوسٹل جامعہ احمدیہ ربوہ ضلع چنیوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 10-10-31 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ -/2100 روپے ماہوار بصورت وظیفہ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد۔نوید الرحمٰن چٹھہ گواہ شد نمبر 1ایاز احمد منصور وصیت 51567 گواہ شد نمبر 2 سعید احمد فرخ وصیت 44984

